# اخبار الجامعہ

## مفتی اعظم جناب مفتی محمد فرید صاحبؒ کی جامعہ المرکز الاسلامی تشریف آوری:۔

مفتی اعظم حضرت مفتی فرید صاحبؒ کے جنوبی اضلاع میں موجود ہزاروں شاگردوں اور مریدین کی فرمائش پر یکم مئی ۲۰۱۱ء جامعہ المرکز الاسلامی میں حضرت مفتی صاحبؒ کی تشریف آوری کے سلسلے میں ایک بڑے اجتماع کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مفتی صاحب کے حلقہ تلامذہ ومریدین کے علاوہ دیگر بہت سارے علماء کرام وعوام الناس نے حضرت مفتی صاحبؒ کی صحبت سے فائدہ اُٹھایا۔

اجتماع سے دیگر کئی علماءِ کرام کے علاوہ حضرت مولانا مفتی عبدالشکور صاحب دامت برکاتہم نے موضوع اجتماع سے متعلق تفصیلی خطاب فرمایا۔

پروگرام کے آخر میں حضرت مفتی صاحبؒ کے بیعت وتجدید بیعت کا سلسلہ بھی چلا، نیز دورہ حدیث کے طلباء کو حضرت مفتی صاحبؒ کی طرف سے سندِ حدیث کی اجازت بھی ملی۔ اور آخر میں یہ پرنور مجلس حضرت مفتی صاحبؒ کی دعا سے اختتام پذیر ہوئی۔

## (۲) المدرسۃ السلامیہ للبنات میں سالانہ چادر پوشی پروگرام:۔

08-06-2011 کو جامعہ المرکز الاسلامی للبنات میں سالانہ چادر پوشی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں دورہ حدیث کی 50 طالبات کو دورہ حدیث کی تکمیل پر سندِ فراغت ملی۔

09-06-2011 کو جناب مہتمم صاحب نے کراچی کا سفر کیا جہاں وفاقی اردو یونیورسٹی میں مکالمہ بین المذاہب کے عنوان سے متعلق تقریب میں اپنا مقالہ پیش کیا حضرت مہتمم صاحب کے مقالے کا عنوان تھا۔ ’’مکالمہ بین المذاہب کے اصول وآداب سیرت کی روشنی میں‘‘۔ تقریب میں شرکت کرنے کے بعد کراچی کے مختلف مدارس کا دورہ کرنے کے بعد واپس جامعہ تشریف لائے۔

20-06-2011 کو جامعہ المرکز الاسلامی میں دستار فضیلت کی سالانہ تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی جامعہ احسن العلوم کراچی کے مہتمم حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب دامت برکاتہم تھے۔ ختم بخاری کے اس پروگرام میں صحیح البخاری کی آخری حدیث پر حضرت مفتی صاحب کی تفصیلی بحث کے بعد حضرت مفتی صاحب نے ہی اختتامی دعا فرمائی۔ تقریب میں دیگر کئی نامور علماء کرام کے علاوہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کے استاد حدیث قاری مفتاح اللہ صاحب نے بھی خصوصی خطاب فرمایا۔ پروگرام کے آخر میں دورہ حدیث کے 60 فضلاء کرام اور 15 حفاظِ قرآن کی دستار بندی ہوئی، نیز شعبہ تجوید اور دار الایتام کے فضلاء کی بھی دستار بندی

ہوئی۔

02-07-2011 کو ملک بھر کے مدارس کی طرح جامعہ المرکز الاسلامی میں بھی وفاق المدارس کا سالانہ امتحان شروع ہوا جو چھ دن تک مسلسل جاری رہنے کے بعد جمعرات کو ختم ہوا۔ نیز حضرت مہتمم صاحب چونکہ ضلع بنوں اور شمالی وزیرستان کے تمام مدارس کے لیے وفاق المدارس ملتان کی طرف سے ناظم امتحانات ہیں اس لیے حضرت مہتمم صاحب نے دورانِ امتحان تمام امتحانی ہالوں کا دورہ کر کے امتحان میں بہتر کارکردگی کو یقینی بنایا۔

## (۳) دارالایتام سے متعلق چند خبریں:۔

۱۔ حسب معمول گرمیوں کی سالانہ تعطیلات کو کارآمد بنانے کے لیے امسال بھی شعبہ دارالمحبۃ للایتام میں فنی کورسز شروع کرنے کے لیے لائحہ عمل طے کیا گیا ہے۔

(۲) بنوں بورڈ کے تحت امتحان دینے والے دارالمحبۃ للایتام کے یتیموں کا امتحانی رزلٹ %90 رہا۔

واضح رہے کہ ان ایتام نے عصری علوم کے ساتھ ساتھ فنی کورسز حفظ القرآن الکریم اور ابتدائی تجوید بھی مکمل کر دیا ہے اور اس طرح معاشرے پر بوجھ بننے کی بجائے اس کے باوقار شخصیت بننے کی مکمل صلاحیت حاصل کر گئے۔

(۳) جنوبی اضلاع اور علاقہ جات میں چونکہ یتیم خانے نہ ہونے کے برابر ہیں اس لیے المرکز کے تحت چلنے والے اس یتیم خانے میں ایتام کی ایک کثیر تعداد داخلے کے لیے آتی ہے۔ اور اس طرح امسال بھی ان کی ایک کثیر تعداد داخلے کے لیے اندراج کی گئی ہے۔

بناء بر ایں اہلِ خیر حضرات سے ان ایتام کی کفالت کے لیے ہر ممکن تعاون کی درخواست کی جاتی ہے۔